# 06-03-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کرشن ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی وزارت ملک بھر میں کانکنی کی چند کمپنیوں میں خواتین کے لئے خصوصی کانیں فراہم کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔

۲۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے الزام لگایا ہے کہ ایس ایل بی سی سرنگ کے مقام پر زیر زمین تبدیلیوں کے بارے میں انتباہ کے باوجود ریاستی حکومت نے اپنے ذاتی فائدے کے لئے سرنگ کی کھدائی جاری رکھی جس کے نتیجہ میں 8 جانیں ضائع ہوگئیں۔

۳۔ ریاستی کابینہ کا ایک اجلاس آج شام چیف منسٹر ریونت ریڈی کی صدارت میں ریاستی سکریٹریٹ میں شروع ہوا۔

۴۔ ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے حیدرآباد پولیس سے کہا ہے کہ وہ مجرموں سے سختی کے ساتھ نمٹیں۔

PRABHAKAR:

بی جے پی کے ریاستی نائب صدر اور اپل کے سابق رکن اسمبلی این وی ایس ایس پربھاکر نے کہا ہے کہ عوام خصوصاً دانشور طبقہ ریاست میں کانگریس حکومت کی کارکردگی سے خوش نہیں ہے۔ حیدرآباد میں پارٹی کے ریاستی دفتر پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایم ایل سی انتخابات میں بی جے پی کے دو امیدواروں کی کامیابی اس بات کا واضح اشارہ ہے کہ میدک۔ نظام آباد۔ کریم نگر۔ عادل آباد گریجویٹ اور ٹیچرس حلقوں کے ایم ایل سی انتخابات میں دانشور طبقہ نے بی جے پی کے امیدواروں کو ووٹ دیا۔ بی جے پی لیڈر نے کہا کہ عوام کو بی آر ایس حکومت کی دھوکہ دہی کو سمجھنے میں 10 سال لگے لیکن عوام صرف 14 مہینوں میں ہی یہ جان گئے ہیں کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی حکومت کے وعدے کھوکلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم ایل سی انتخابات کے نتائج ریاستی حکومت کے منہ پر طمانچہ ہے۔

WEATHER:

تلنگانہ میں آئندہ تین دن کے دوران ایکا دکا مقامات پر صبح کے اوقات میں دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے اپنے رپورٹ میں بتایا کہ آئندہ دو دن کے دوران ریاست میں اعظم ترین اور اقل ترین درجہ حرارت اوسط سے دو تا تین ڈگری کم ہوں گے۔ اس کے بعد درجہ حرارت میں دو تا تین ڈگری اضافہ کا امکان ہے۔ آئندہ سات دن کے دوران تلنگانہ میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق کھمم ضلع میں اعظم ترین درجہ حرارت 38.6 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

SECRETARIAT:

ریاستی کابینہ کا ایک اجلاس آج شام چیف منسٹر ریونت ریڈی کی صدارت میں ریاستی سکریٹریٹ میں شروع ہوا۔اس اجلاس میں اہم پالیسی فیصلے لئے جانے کا امکان ہے۔ کابینی اجلاس کے ایجنڈے میں پسماندہ طبقات کے لئے تحفظات ، درجہ فہرست ذاتوں کی ذیلی درجہ بندی، بجٹ سیشن اور دیگر امور شامل ہیں۔ آئندہ چند دن کے دوران بجٹ سیشن کے انعقاد کا امکان ہے۔توقع ہے کہ کابینہ سیشن کی مدت کا تعین کرے گی اور گورنر کے خطبہ کو منظوری دے گی۔

KTR - SLBC:

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے الزام لگایا ہے کہ ایس ایل بی سی سرنگ کے مقام پر زیرزمین تبدیلیوں کے بارے میں انتباہ کے باوجود ریاستی حکومت نے اپنے ذاتی فائدے کے لئے سرنگ کی کھدائی جاری رکھی جس کے نتیجہ میں 8 جانیں ضائع ہوگئیں۔ انہوں نے ایک بیان میں ریاستی حکومت کی لاپرواہی کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ریاستی کابینہ کو چاہئے کہ وہ انسانی جانوں کے ناقابل تلافی نقصان اور کروڑہا روپے عوامی رقومات کے ضائع ہونے کے لئے ذمہ داری قبول کرے۔انہوں نے کہا کہ 2022ء میں امبرگ ٹیک اے جی کی جانب سے کئے گئے سروے میں اس واقعہ کی پیش قیاسی کی گئی تھی۔ رپورٹ میں کمزور چٹانوں کی موجودگی اور پانی کے افشاء کو اجاگر کیا گیا تھا۔ کے ٹی آر نے کہا کہ حالیہ حادثات اسی زون میں پیش آیا جس کی نشاندہی رپورٹ میں کی گئی تھی۔2022ء میں جیولوجیکل سروے آف انڈیا کے سابق ڈائرکٹر جنرل منڈاپلی راجو اور جیولوجسٹ ریتوراج دیشمکھ کی جانب سے کئے گئے ایک اور جیولوجیکل سروے کی رپورٹ میں کہا گیا کہ سرنگ کی تعمیر زمین کے حالات کا مناسب طور پر جائزہ لئے بغیر شروع کی گئیں۔

TUNNEL:

کیرالا پولیس کا خصوصی ڈاگ اسکواڈ ایس ایل بی سی سرنگ میں بچاؤ کی کارروائی کے لئے حیدرآباد پہنچ گیا ہے۔ لاپتہ انسانوں یا انسانی نعشوں کا پتہ لگانے کے لئے خاص طور پر تربیت یافتہ یہ کتے اور ان کی دیکھ بھال کرنے والے عہدیدار حیدرآباد پہنچ گئے ہیں۔ ریاستی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی درخواست پر کیرالا کی حکومت نے بچاؤ کی کارروائی کے لئے اس ڈاگ اسکواڈ کو روانہ کیا ہے۔

PONNAM

پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر پونم پربھاکر نے حیدرآباد پولیس سے کہا ہے کہ وہ مجرموں کے ساتھ سختی کے ساتھ نمٹیں اور متاثرین کو انصاف کی فراہم کے لئے موثر طریقہ سے خدمات انجام دیں۔انہوں نے کہا کہ حیدرآباد ملی جلی تہذیب کا شہر ہے اور یہاں سیاحت اور آئی ٹی صنعتوں میں بڑے پیمانے پر ترقی کی ہے۔ وہ امیر پیٹ میں ڈی سی پی ایسٹ زون کی نئی عمارت کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کررہے تھے۔

WOMEN'S DAY:

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کرشن ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی وزارت ملک بھر میں کانکنی کی چند کمپنیوں میں خواتین کے لئے خصوصی کانیں فراہم کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان خصوصی کانوں میں مزدور سے لے کر عہدیدار تک کام کرنے والی خواتین ہی ہوں گی۔ کشن ریڈی نے کہا کہ ان کی وزارت کانکنی کی صنعت میں خواتین کو تحفظات فراہم کرنے منصوبہ بھی رکھتی ہے۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں بین الاقوامی یوم خواتین کے سلسلہ میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ جلد ہی وزیراعظم نریندر مودی سے اس مسئلہ پر بات کریں گے۔ انہوں نے ملک کے مستقبل کو سنوارنے میں خواتین کے رول کا ذکر کیا۔ کشن ریڈی نے کہا کہ اگر تمام شعبوں میں 50 فیصد سے زیادہ خواتین ہوں گی تو بھارت 2047ء تک وکست بھارت کا نشانہ حاصل کرلے گا۔

SOUND BYTE KISHAN REDDY

انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت نے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں کئی اسکیمیں متعارف کی ہیں، جن میں خواتین کے لئے 33 فیصد تحفظات شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ۔ پی ایم مدرا یوجنا اور اوجولا یوجنا کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ مرکزی مملکتی وزیر کانکنی ستیش چندرا نے کہا کہ ان کی وزارت خواتین کے لئے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آتمانربھر بھارت کے لئے خواتین کی شرکت ضروری ہے۔

SOUND BYTE SATISH CHANDRA

مرکزی وزرا نے مختلف کانوں میں خدمات انجام دے رہیں خواتین کو توصیف نامے پیش کئے۔ ریاستی وزیر برائے بہبودِ خواتین واطفال سیتاا َکا اور جوائنٹ سکریٹری مائنس فریدہ ایم نائک نے شرکت کی۔

GHMC:

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن صفائی کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرے گی۔ جی ایچ ایم سی نے جرمانے عائد کرنے کے لئے ایک موبائل ایپ شروع کیا ہے۔ سڑکوں، نالوں اور کھلے مقامات پر کچرا پھینکنے والوں اور تالابوں میں ملبہ ڈالنے والوں یا کچرے کی نکاسی کے لئے مناسب اقدامات نہ کرنے والوں یا عوامی مقامات پر پیشاب کرنے والوں پر بھاری جرمانے عائد کئے جائیں گے۔ جرمانے عائد کرنے کے علاوہ ملبہ پھینکنے کے لئے استعمال کی جانے والی گاڑیاں ضبط کرلی جائیں گی۔ اس ایپ کے ذریعہ رئیل ٹائم مانیٹرنگ ہوگی۔ جی ایچ ایم سی کے عہدیدار تصاویر لیں گے اور خلاف ورزیوں کی تفصیلات اَپ لوڈ کرتے ہوئے ڈیجیٹل طریقہ سے جرمانے وصول کریں گے۔ کارپوریشن نے اعلان کیا کہ ٹریفک قوانین کی طرح صفائی کے قوانین کی خلاف ورزی پر بھی آن لائن نظر رکھی جائے گی۔

TGCSB:

تلنگانہ سائبر سیکورٹی بیورو نے حیدرآباد کے ہائی ٹیک سٹی میں پتریکا نگر میں ایک فرضی کال سنٹر کو بے نقاب کرتے ہوئے ایک بڑے سائبر فراڈ کا پتہ لگایا۔ اِس کال سنٹر میں جملہ 63 افراد کام کررہے تھے۔ جن میں بیشتر کا تعلق شمال مشرقی ریاستوں سے ہے۔ یہ ٹولی سائبر جرائم میں ملوث تھی جس کے ذریعہ این آر آئیز اور امریکی شہریوں کو نشانہ بنایا جارہا تھا۔ ٹی جی سی ایس ڈی نے کارروائی کرتے ہوئے 63 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا۔ اس بیورو کی ڈائرکٹر جنرل شیکھا گوئیل نے بتایا کہ اس فرضی کال سنٹر میں کام کرنے والے خود کو پے پال کے نمائندے بتاتے ہوئے لوگوں کو دھوکہ دے رہے تھے۔ پولیس نے 52 موبائل فونس، 63 لیب ٹاپس اور 27 آئی ڈی کارڈس ضبط کرلئے۔

○○